پاپائی کونسل برائے

بین اُلمذاہب مُکالمہ

پیغام برائے اِختتام رمضان اُلمُبارک

عید اُلفِطر 1433 H / 2012 A.D.

نوجوان مُسلم اور مسیحی نوجوانوں کو امن اور اِنصاف کی تعلیم کی فراہمی

ویٹیکن سٹی

عزیز مُسلم دوستو،

عید اُلفطِر کے مُقدس اور پُر مُسرت موقع پر پاپائی کونسل برائے بین اُلمذ اہب مکالمہ کی جانب سے ہم آپ سب کو دِل کی گہرائیوں سے مُبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اِس خصُوصی تہوار کے موقع پر جو ماہِ رمضان کے دوران روزہ، عبادت، زکواۃ اور دیگر دینی فرائض کی ادائیگی کے ذریعہ آپ کو اللہ تعالیٰ کے قریب آنے کا موقع فراہم کرتا ہے ہم آپکی خُوشیوں میں شامل ہیں۔

اِس نِسبت سے اِس سال ہمیں ایسا محسُوس ہُوا کہ ہمیں مُشترکہ طور پر مُسلِم اور مسیحی نوجوانوں کو امن اور انصاف کی تعلیم دینے پر اپنی توجہ دینی چاہیئے، کیوُنکہ اِن اقدار کو سچائی اور اِنسانی آزادی سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ نوجوانوں کو تعلیم دینے کی اولین اور بنیادی ذمہ داری ہمارے مُعاشرے کی ہے، لیکن اِس کے ساتھ ساتھ، والدین، خاندانوں، سکولوں، یونیورسٹیوں، مذہبی رہنُماؤں، ثقافتی، معاشرتی، معاشی اور ذرائع اِبلاغ سے تعلق رکھنے والے افراد کو بھی اِس سلسلہ میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے۔

بچوں اور نوجوانوں کو ایسے ذرائع کی تلاش میں مدد فراہم کرنا اور اُنہیں تعمیر کرنا تاکہ وُہ خالِق کائنات کی عطا کی ہُوئی صلاحیتوں سے بھر پُور اِستفادہ کر سکیں اور اِنسانوں کے درمیان رِشتوں کو مزید تقویّت دے سکیں ایک ایسا فریضہ ہے جو مُشکل تو ضرُور ہے لیکن بُہت ہی تسکین بخش ہونے کے ساتھ ساتھ بہُت خُوبصُورت بھی ہے۔ اساتذہ کے فرائض کا حوالہ دیتے ہُوئے پاپائے اعظم پوپ بیناڈِکٹ شانزدہم نے حال ہی میں فرمایا"اِس لئے آج ہمیں پہلے سے کہیں زیادہ مُستند گواہوں اور عملی طور پر کام کرنے والے لوگوں کی ضرُورت ہے نہ کہ ایسے لوگوں کی جو محض اصُول وضوابِط ترتیب دیتے ہیں۔،،، ایک مُستند گواہ ایک ایسی ہستی کی مانند ہوتا ہے جو خُود باعمل زندگی گُزاتا ہے اور پھر دُوسروں کو ایسا کرنے کی تلقین کرتا ہے۔(عالمی یوم اِمن 2012 کا پیغام)۔ اِس کے ساتھ ساتھ ہمیں اِس بات کو بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ نوجوان امن و اِنصاف کی تعلیم کے حصُول اور ترقّی کے لئے خُود بھی ذمہّ دار ہیں۔

اِنصاف، سب سے پہلے مُکمل طور پر انسان کی اپنی شناخت سے استحکام پاتا ہے۔ اِسے دوسروں کو شامل کر کے یا ذمہ داریوں کو تقسیم کر کے گھٹایا نہیں جا سکتا۔ ہمیں اِس بات کو فراموش نہیں کرنا چاہیئے کہ مُشترکہ فلاح و بہبود کا حصُول اِتحاد اور بھائی چارے کے بغیر نامُمکن ہے۔ تمام مومنین کے لئے اِنصاف خُدائے برتر کی قُربت سے حاصِل ہوتا ہے اور پھر انفرادی، اِجتماعی اور کائنات کے ساتھ رِشتوں کو گہرا کرتا ہے۔ مزید برآں، وُہ اِس بات کا بھی اِقرار کرتے ہیں کہ اِنصاف کا منبع اِس حقیقت میں پوشیدہ ہے کہ تمام اِنسانوں کا خالق خُدائے برتر ہے، وہ سب ایک ہیں اور ایک خاندان کہلاتے ہیں۔ اانسانیت کا کُھلے دل سے احترام اور اِس کی توسیع کے لئے آمادگی تمام خواتین اور حضرات سے نیک جذبات اور خواہشات کا تقاضا کرتے ہُوئے اُنہیں باہمی جدوجہد جاری رکھنے کی دعوت بھی دیتا ہے۔

مصائب اور مسائل سے بھرپُور ہماری اِس دُنیا میں بچوں کو امن اور سلامتی سے رہنے کی تعلیم دینا روز بروز از حد ضرُوری ہوتا جا رہا ہے۔ ہمیں اپنے آپ کو صحیح اِقدامات پر عمل پیرا کرنے کے لئے امن کی اصل رُوح کو سمجھنا ہوگا۔ یہ صِرف جنگ بندی اور افواج کے توازن تک محدُود نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک عطیہ بھی ہے کہ اِس جدوجہد کو مُسلسل جاری رکھا جائے۔ یہ اِنصاف کا پھل اور محبت کی

تاثیر ہے۔ یہ بھی از حد ضرُوری ہے کہ خُدائے برتر پر ایمان رکھنے والے تمام لوگ اپنی اپنی برادریوں میں اِس فلاحی کام کو جاری رکھیں۔ رحمدلی کا عملی مظاہرہ کرنے، اِتحاد، اور باہمی جدوجہد کے ذریعہ ہم سب موجودہ دور کے چیلنجز بشمُول باہمی رضامندی، بُنیادی ترقی، اِختلافات کی روک تھام کا سامنا کر سکتے ہیں۔

آخر میں ہم اِس پیغام کے پڑھنے والے تمام مُسلم اور مسیحی نوجوانوں کے لئے نیک خواہشات کا اِظہار کرتے ہیں تا کہ وہ سچائی اور آزادی کو پروان چڑھائیں اور صحیح معنوں میں امن اور اِنصاف کے نقیب بن سکیں اور ایک ایسی ثقافت کے معمار بن جائیں جہاں ہر اِنسان کی عظمت اور حقُوق کا احترام ہو۔ ہم اُنہیں اپنے اندر برداشت پیدا کرنے، مشکُوک صُلح ناموں پر عمل پیرا نہ ہونے، دھوکہ بازوں اور ایسے تمام حربوں سے گُریز کرنے کی تلقین بھی کرتے ہیں جو انسانی اِقدار کی نفی کرتے ہیں۔ صِرف ایسے خواتین وحضرات ہی ایسے معاشرے کی تعمیر کر سکتے ہیں جو خلُوصِ دِل سے اِنسانیت کا احترام کرتے ہیں۔

خُدائے برتر ایسے تمام لوگوں کے دِلوں، خاندانوں اور برادریوں کو صبر اور اُمید سے بھر دے جو مُعاشرے میں امن کی بُودوباش کر رہے ہیں۔

آپ سب کو عید کی خُوشیاں مُبارِک ہوں!

جین لوئیس کارڈینل توران

صدر

آرچ بشپ پیرلُوگی سیلاتا

سیکریٹری

از: ویٹیکن

3 اگست 2012

پاپائی کونسل برائے

بین المذاہب مُکالمہ

ویٹیکن سٹی 000120

Telephone: 0039-06-6988 4321 / 06-6988 3648

Facsimile: 0039-06-6988 4494

Email: dialogo@interrel.va

http://www.vatican.va/roman_curia/pontifical_councils/interelg/index_en.htm